عائشہ علی اکیڈیمی کنی پورہ کولگام

WORKSHEET OF CLASS 6 TH IN SUBJECT URDU

مطالعہ صورتحال:

"احمد کے گھر میں ایک گائے ہے۔ وہ روزانہ اسے وقت پر چارہ اور صاف پانی دیتا ہے، اس کی صفائی کا خیال رکھتا ہے اور اس سے محبت کرتا ہے۔ گائے بھی روزانہ تازہ دودھ دیتی ہے، جس سے پورا خاندان فائدہ اٹھاتا ہے۔"

سوال 1۔ احمد کی کون سی عادتیں جانوروں کے ساتھ اچھے سلوک کی مثال ہیں؟

تخلیقی سوال:

سوال نمبر2:۔ تصور کریں کہ آپ کی بھی ایک گائے ہے۔ اس کی دیکھ بھال کے لیے آپ روزانہ کیا کیا کام کریں گے؟ 5 جملوں میں اپنے خیالات لکھیں۔

مطالعۂ صورتحال:

"علی کی بینائی کمزور ہے، لیکن وہ تعلیم حاصل کرنے کا بہت شوق رکھتا ہے۔ اس کے استاد نے اسے بریل رسم الخط کے بارے میں بتایا، جس کی مدد سے وہ پڑھنا اور لکھنا سیکھنے لگا۔ اب علی خود بھی تعلیم حاصل کر رہا ہے اور دوسروں کی مدد بھی کرتا ہے۔"

سوال 3:۔ علی کے لیے بریل رسم الخط کیوں اہم ثابت ہوا؟

سوال نمبر4:۔ اگر آپ کی ملاقات لوئی بریل سے ہوتی تو آپ ان سے کیا سوال پوچھتے اور ان کے اس عظیم کارنامے کے بارے میں کیا کہتے؟ 5 جملوں میں اپنا جواب لکھیں۔